SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**For immediate Release**
**August 23, 2016**

# ایس ای سی پی کی جانب سے سرمایہ کاروں کی آگہی کے لئے سیمینار کا انعقاد

اسلام آباد، ۲۳ اگست: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے موجودہ اور ممکنہ سرمایہ کاروں کی آگہی کے اقدام کے پیش نظر اے ایف فرگسن اینڈ کمپنی کے طلبہ اور ملازمین کے لئے اسلام آباد کلب میں ایک سیمینار کا انعقاد کیا۔ جس میں مالیاتی مارکیٹ کے تجربہ کار لوگوں اور طلبہ نے زیر بحث موضوعات پر اپنی قیمتی آراء کا اظہار بھی کیا اور اپنے سوالات کے جوابات حاصل کئے۔

اس موقع پر ایس ای سی پی کے چیئرمین ظفر حجازی نے اپنے پیغام میں کہا کہ: ''میرا یہ خواب ہے کہ میں پاکستانی معاشرے میں ایک مثالی تبدیلی لاؤں۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ اس معاشرے میں بچت اور سرمایہ کاری کو بطور ثقافت اپنایا جائے۔ یہ صرف تب ہی ممکن ہے جب ایک فرد اپنے مالی معاملات کا بیڑا خود اٹھائے تاکہ وہ سرمایہ کاری کرتے وقت باخبر فیصلہ سازی کر سکے اور اس امر کے لئے ضروری ہے کہ سرمایہ کار کے لئے آگہی کو ہر سطح پر بڑھایا جائے۔''

محترمہ خالدہ حبیب، ڈائریکٹر، انویسٹر ایجوکیشن اینڈ انٹرنیشنل ریلیشنز ڈیپارٹمنٹ نے تمام مہمانوں کا استقبال کیا۔ انہوں نے سرمایہ کاروں کی مالیاتی صلاحیتوں میں بہتری لانے اور ان کے تحفظ کے لئے ایجنڈے کے نفاذ کے حوالے سے ایس ای سی پی کی ذمہ داری کی یاد دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ ایس ای سی پی کے اس آگہی منصوبے میں صنعتی شعبے کی مدد لوگوں میں مالیاتی خواندگی اجاگر کرنے میں معاون ثابت ہو گی۔

Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan

سی ایف اے سوسائٹی سے جناب ذولفقار علی نے مالیاتی منصوبہ بندی پر ایک پریزینٹیشن پیش کی جس میں شرکاء کو کامیاب مالیاتی منصوبہ بندی کے لئے ضروری اقدامات کے بارے میں معلومات فراہم کی گئی۔ جناب فہیم سردار نے ہماری کیپٹل مارکیٹ کے میکرو اور مائکرو سٹرکچر اور اس کی اہمیت پر بات کی۔

جناب سلمان حیدر نے میوچل فنڈ اور سرمایہ کار کو کن کن چیزوں کا علم ہونا چاہئے کے بارے میں بتایا۔ جناب اکرم قریشی نے کمپنی کی تشکیل کے حوالے سے طرز عمل کی وضاحت کی۔ انہوں نے انٹرپرائزز کی مختلف اقسام اور ان کے فوائد کا ذکر کیا اور کمپنی کی تشکیل کے مرحلوں سے آگاہ کیا۔

جناب عمران احمد نے بیمہ کی بنیادی چیزوں پر روشنی ڈالی، انہوں نے عام سرمایہ کاروں کو بیمہ کی اقسام، فوائد اور بیمہ کرانے سے منسلک طور طریقوں سے آگاہ کیا۔ جناب فدا حسین سمو، کمیشنر برائے بیمہ ایس ای سی پی نے اس تقریب کی تحسین کرتے ہوئے کہا کہ یہ مالیاتی شعبے کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کا ایک ذریعہ ہے۔

جناب سیّد حیدر عبّاس، شراکت دار اے ایف فرگسن اینڈ کمپنی نے اس اہم اقدام کے حوالے سے ایس ای سی پی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ تقریب مستقبل کی سرمایہ کاری کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ تقریب سرمایہ کاروں میں آگہی پھیلانے کا ہدف پورا کرنے میں مددگار ثابت ہوں گی اور مستقبل میں ہونے والی ایسے تمام اشتراک کے وہ پوری طرح سے حامی ہیں۔

Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan